اظہارِ تشکر

ہم گورنر بینک دولت پاکستان جناب یاسین انور کے بے حد شکر گذار ہیں جنہوں نے اس رپورٹ کی تیاری میں رہنمائی فراہم کی اور حوصلہ افزائی کی۔ ایگزیکٹوڈائریکٹر بی پی آر جی جناب عنایت حسین کا بھی شکریہ جنہوں نے مسلسل مدد اور نگرانی کی۔ ٹیم 'مطبوعات جائزہ کمیٹی' کے ارکان (ڈاکٹر مشتاق اے خان، جناب ریاض ریاض الدین، قاضی عبدالمقتدر، جناب اسد قریشی، جناب محمد اشرف خان اور محترمہ سحر بابر) کی بھی سپاس گذار ہے جنہوں نے ایف ایس آر کے ابتدائی مسودے پر مفید تبصرے کیے اور کام کی تکمیل میں معاونت کے لیے اپنے تحقیقی عملے کی خدمات فراہم کیں۔

اس رپورٹ کی تمام کوتاہیوں اور اغلاط کی ذمہ داری صرف ہم پر عائد ہوتی ہے۔ اس میں درج تجزیے اور تبصرے رپورٹ تیار کرنے والی ٹیم کے ہیں اور بینک دولت پاکستان کی انتظامیہ کا ان سے متفق ہونا ضروری نہیں۔